| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

| For Examiner's Use |
|---|
| |

General Certificate of Secondary Education
June 2007

**URDU**
**Reading Test**
**Higher Tier**

**3646/RH**

# H

Monday 21 May 2007 9.00 am to 9.50 am

**You will need no other materials.**

Time allowed: 50 minutes

**Instructions**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Write your answers in this combined question paper/answer book.
- Answer **all** questions.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu**.
- In **Section B** answer the questions in **English**.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.

**Information**
- The maximum mark for this paper is 45.
- The marks for questions are shown in brackets.
- You must **not** use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2/3 | | 10/11 | |
| 4/5 | | 12/13 | |
| 6/7 | | 14/15 | |
| 8/9 | | 16/17 | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |


LEAVE MARGIN BLANK

# حصّہ الف


## (سوالات اور جوابات اردو میں)

1 سوال نمبر ۱: کون کیا بننا چاہتا/ چاہتی ہے۔


A




B



C



D



E




F



G




H



LEAVE MARGIN BLANK

صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانے میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| F | میں کھانا پکانے میں بہت دلچسپی رکھتا ہوں۔ اس لیے مستقبل میں یا تو کسی بڑے ہوٹل میں کام کرنا چاہوں گا یا پھر اپنا ریسٹورنٹ کھولوں گا۔ | مثال عثمان | |
| | اسکول میں حساب میرا پسندیدہ مضمون ہے۔ اگر امتحان اچھّے نمبروں میں پاس کرلیا تو میں کسی بینک میں کام کروں گی۔ | نفیسہ | (i) |
| | مجھے فلمیں دیکھنے کا بہت شوق ہے۔ ڈرامہ میرا پسندیدہ مضمون ہے۔ فلموں میں اداکاری کا موقع مل جائے تو مجھے بہت خوشی ہوگی۔ | سلمان | (ii) |
| | مجھے بچپن ہی سے موسیقی کا شوق رہا ہے۔ ہر قسم کے گانے مجھے پسند ہیں۔ مجھے خود بھی گانے کا بہت شوق ہے۔ میں گلوکارہ بننا چاہتی ہوں۔ | ریحانہ | (iii) |
| | مجھے ہوائی جہاز میں کام کرنے کا بہت شوق ہے۔ اپنے اس شوق کو پورا کرنے کے لیے میں فضائی میزبان بننا چاہتا ہوں۔ | ساغر | (iv) |

*(4 marks)*

| |
|---|
| 4 |

**Turn over ▶**

**سوال نمبر ۲: نیچے امجد نے اپنے ایک سفر کے بارے میں لکھا ہے۔** 2

ہندوستان میں چھٹیاں گزارنے کے خیال سے ہم سب بہت خوش تھے۔ پوری رات تیاری میں مصروف رہے۔ تقریباً صبح سات بجے گھر سے روانہ ہوئے۔ جہاز کی روانگی میں دو گھنٹے کا وقت باقی تھا۔ سڑک پر گاڑیوں کا رش تھا جس کی وجہ سے گاڑی تیز چلانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ دُھند کی وجہ سے دن کو بھی رات کے جیسا لگ رہا تھا۔ اندھیرا ہونے کی وجہ سے میرے والد صاحب آگے سے آنے والے ٹرک کو نہ دیکھ سکے اور ہماری گاڑی اس سے ٹکرا گئی۔ ہوش آنے پر ہم سب نے اپنے آپ کو ہسپتال میں پایا۔ لیکن خوشی اس بات کی تھی کہ ہم سب لوگ خدا کے فضل سے بال بال بچ گئے تھے۔

(i) امجد کے گھر والے کس مُلک میں چھٹیاں گزارنے جا رہے تھے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| IND | D | PK |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(ii) وہ کار میں کہاں جا رہے تھے؟

**A**



**B**




**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

(iii) حادثہ پیش آنے کی کیا وجہ تھی؟

**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

3

**Turn over ▸**

سوال نمبر ۳: پکنک پر جانے سے پہلے آپ ٹی وی پر موسم کا حال معلوم کرتے/کرتی ہیں۔ 3

| | |
|---|---|
| پیر | صبح کے وقت آسمان پر بادل ہوں گے لیکن بارش نہیں ہوگی۔ |
| منگل | شام کے وقت موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ |
| بدھ | دوپہر کو تیز آندھی کا امکان ہے جب کہ شام کے وقت موسم خوشگوار ہوگا۔ |
| جمعرات | صبح کو دُھند ہوگی، دوپہر کو برف باری ہوگی اور شام کے وقت ہلکے طوفان کا امکان بھی ہے۔ لوگوں کا گھروں میں رہنا مناسب ہوگا۔ |
| جمعہ | دُھوپ نکلے گی اور موسم زیادہ تر خوش گوار رہے گا۔ |
| ہفتہ | موسم میں کسی خاص تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔ |
| اتوار | سارا دن تیز ہوا چلے گی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔ |

موسم کیسا ہوگا؟ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(i) کون سے دن زوردار مینہ برسے گا؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| منگل | اتوار | ہفتہ |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

LEAVE MARGIN BLANK

(ii) کون سے دو دنوں کا موسم ایک جیسا ہوگا؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| جمعہ/ ہفتہ | جمعرات/ ہفتہ | منگل/ بدھ |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(iii) کون سے دن گاڑی چلانا خطرناک ہوسکتا ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| ہفتہ | پیر | جمعرات |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(iv) کون سے دن موسم میں تین تبدیلیاں آئیں گی؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| جمعرات | ہفتہ | منگل |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

4

**Turn over ▶**

LEAVE MARGIN BLANK

**4**

The text for this question has been removed due to third-party copyright constraints.

LEAVE MARGIN BLANK

3

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۵: نیچے خریداری کے بارے میں کچھ سوالات اور جوابات دیے گئے ہیں۔ 5

| الف (سوالات) | |
|---|---|
| مثال | کیا آپ کو خریداری کرنا پسند ہے؟ |
| (i) | آپ کس کے ساتھ جاتی ہیں؟ |
| (ii) | آپ ہفتے میں کتنے پیسے خرچ کرتی ہیں؟ |
| (iii) | آپ بازار کیسے جاتی ہیں؟ |
| (iv) | پچھلی عید پر آپ نے کیا خریدا تھا؟ |

| (ب) جوابات | |
|---|---|
| A | میں نے ایک ہار خریدا تھا |
| B | جی ہاں مجھے شاپنگ پسند ہے |
| C | ہفتے میں ایک بار مارکیٹ جاتی ہوں |
| D | میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ جاتی ہوں |
| E | میں اس کا حساب نہیں رکھتی |
| F | دکانوں میں عید کی وجہ سے بہت بھیڑ تھی |
| G | میں عموماً بس پر جاتی ہوں |

حصّہ (الف) کے سوالات کا مناسب جواب حصّہ (ب) میں تلاش کریں۔

صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| مثال | B |
| (i) | |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |

*(4 marks)*

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ٦: آپ کے چچّا زاد بھائی نے انٹرنیٹ پر یہ پیغام بھیجا ہے لیکن اس میں کچھ الفاظ مِٹ گئے ہیں۔ 6

آپ کی دعوت کا بہت (مثال) [H] لیکن مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کی سالگرہ کی پارٹی میں (i) [ ] نہیں کر پاؤں گا۔ کیونکہ میری والدہ صاحبہ کی طبیعت اچانک ناساز ہوگئی ہے اس لیے ان کو ڈاکٹر کے پاس لے جانا بہت (ii) [ ] ہے۔ امید ہے آپ میری مجبوری کو سمجھتے ہوئے مجھے (iii) [ ] کردیں گے حالانکہ پرانے دوستوں اور رشتہ داروں سے ملاقات کرنے کا یہ ایک سنہری (iv) [ ] تھا اور میں اس کا بےصبری سے انتظار کر رہا تھا۔ کسی کے علم میں نہیں کہ کل کیا ہونے والا ہے۔ آپ کیلیے (v) [ ] ارسال کر رہا ہوں امید ہے پسند آئے گا۔ ویسے امّی کے بارے میں کسی قسم کی فکر نہ کریں اور اپنی سالگرہ خوب دھوم دھام سے منائیں۔ وہ انشاالله بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گی۔ میری طرف سے تمام دوستوں اور رشتہ داروں کو (vi) [ ] خدا حافظ

مناسب الفاظ کے انگریزی حروف خالی جگہوں میں لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A | شرکت | B | ملاقات | C | معاف |
| D | تحفہ | E | دوستوں | F | موقع |
| G | ضروری | H | شکریہ | I | سلام |

*(6 marks)*

10

**Turn over ▶**

LEAVE MARGIN BLANK

7 سوال نمبر ۷: پاکستان میں چھٹیوں کے دوران آپ کے چھوٹے بھائی ناصر نے یہ خط لکھا ہے۔

پیارے بھائی/ پیاری بہن

السّلام علیکم۔ پاکستان آئے ہوئے آج پورے دو ہفتے بیت گئے ہیں۔ دوستوں اور رشتہ داروں سے ملاقاتوں کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے اس لیے وقت گزرنے کا کچھ پتہ ہی نہیں چلتا۔۔ چونکہ میرا یہ پاکستان آنے کا پہلا موقع ہے اس لیے کئی رشتہ داروں کو میں پہچان بھی نہیں سکا ۔اب تو خیر میں نے بہت دوست بنا لیے ہیں۔ دو دن کے لیے میں اپنے کچھ نئے دوستوں کے ساتھ لاہور گیا تھا۔ تاریخی عمارتوں کی سیر کی اور کچھ خریداری بھی کی۔ ایک بات جو مجھے یہاں پسند نہیں آئی وہ یہ کہ دکانوں میں چیزوں کی قیمت مقرّر نہیں ہوتی۔ اس لیے ہر چیز خریدنے کے لیے دکاندار سے قیمت کم کروانے کے لیے بحث کرنی پڑتی ہے۔ لاہور کے کھانوں کی کیا بات ہے۔ ایک بار کھالیں تو انگلیاں چاٹتے رہ جائیں۔ پھر یہاں کے زندہ دل لوگوں سے مل کر ایسا لگا جیسے میں انہیں برسوں سے جانتا ہوں۔ لاہور میں یہ مختصر سا قیام ہمیشہ یادگار رہے گا۔ دو ہفتے باقی رہ گئے ہیں۔ آپ لوگوں کی یاد بہت آتی ہے۔ کیسی عجیب بات ہے کہ جب ہم لوگ انگلستان میں ہوتے ہیں تو پاکستان کی یاد آتی ہے اور جب پاکستان آتے ہیں تو انگلستان میں اپنے پیاروں کی یاد ستاتی ہے۔ اگر یہاں سے کچھ چاہیے تو خط لکھ کر یا فون کر کے جتنی جلدی ہو سکے بتا دیں۔ میری طرف سے سب کو سلام۔ خدا حافظ

مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات اردو میں لکھیں۔

(i) پاکستان میں ناصر کا وقت کیوں تیزی سے گزر رہا ہے؟

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

LEAVE MARGIN BLANK

(ii) لاہور کی کون سی بات ناصر کو اچھی نہیں لگی؟

.......................................................................................................................................
*(1 mark)*

(iii) لاہور کے کھانوں کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟

.......................................................................................................................................
*(1 mark)*

(iv) لاہور کے لوگوں کے بارے میں ناصر کے خیالات کیا ہیں؟

.......................................................................................................................................
*(1 mark)*

(v) ناصر نے پاکستان اور انگلستان سے محبت کا اظہار کس طرح کیا ہے؟

.......................................................................................................................................
*(1 mark)*

**Turn over for the next question**

**5**

**Turn over ▶**

LEAVE MARGIN BLANK

سوال نمبر ۸: نیچے موسیقی کے پروگرام کا ایک پوسٹر ہے 8

آپ کی تفریح کے لیے آپ کے شہر میں پہلی بار:

پیر بارہ دسمبر شام ساڑھے سات بجے شملہ ہال میں ایشیائی موسیقی کا ایک شاندار پروگرام پیش کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام میں پاکستان اور ہندوستان کے مشہور موسیقار حصّہ لے رہے ہیں۔ موسیقی کے ساتھ ساتھ اس شو میں بھنگڑا ناچ اور کچھ مزاحیہ پروگرام بھی پیش کیے جائیں گے شو کے ٹکٹ حاصل کرنے کے لیے ہمیں فوراً فون کریں۔ ورنہ بعد میں آپ کو مایوسی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہال کے باہر گاڑی پارک کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کے لیے آپ کو پارکنگ ٹکٹ خریدنا ہوگا۔ چونکہ پارکنگ کی جگہیں کم ہیں اس لیے جگہ حاصل کرنے کے لیے آپ کو جلدی پہنچنا ہوگا۔ اگر آپ بس پر آئیں گے تو بہتر ہوگا کیونکہ بسوں کا اڈّہ ہال کے بہت ہی قریب ہے۔

ٹکٹ کی قیمتیں درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| بالغوں کے لیے | ایک سو پچاس روپے |
| بارہ سال سے کم عمر کے بچّوں کے لیے | سو روپے |
| ساٹھ سال سے زیادہ کی عمر کے بزرگوں کے لیے | پچاس روپے |

یاد رہے کہ:

ہال کے دروازے ساڑھے چھ بجے کھلیں گے اور شو ٹھیک ساڑھے سات بجے شروع ہو جائے گا۔ دیر سے پہنچنے والوں کے لیے دروازے نہیں کھولے جائیں گے۔

LEAVE MARGIN BLANK

عبارت کے مطابق کون سی بات صحیح (ص) غلط (غ) عبارت میں نہیں (؟) ہے۔

" کی" کو غور سے پڑھیں۔
صحیح جواب کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

" کی"

| | |
|---|---|
| صحیح | ص |
| غلط | غ |
| عبارت میں نہیں | م |

| | | |
|---|---|---|
| مثال | شو کا وقت شام سات بجے ہے | غ |
| (i) | شو میں صرف پاکستانی گلوکار حصّہ لے رہے ہیں | |
| (ii) | گانے کے علاوہ ناچ بھی پیش کیا جائے گا | |
| (iii) | ہال کے باہر پارکنگ مفت ہے | |
| (iv) | بسوں کا اڈّہ ہال سے دور نہیں ہے | |
| (v) | بڑوں کے لیے ٹکٹ کی قیمت ۱۵۰ روپے ہے | |
| (vi) | بزرگوں کے لیے ٹکٹ کی قیمت ۲۵ روپے ہے | |
| (vii) | دیر سے آنے والوں کو اندر نہیں جانے دیا جائے گا | |

*(7 marks)*

7

LEAVE MARGIN BLANK

## SECTION B

Questions and answers in **English**.

**9** You read this article in a magazine.

پاکستان ایک بہت بڑا ملک ہے جس کی آبادی تقریباً بارہ کروڑ ہے۔ پاکستان کی اسّی فیصد آبادی دیہاتوں میں رہتی ہے۔ دیہات کے اکثر لوگ یا تو کھیتی باڑی کرتے ہیں یا اپنے چھوٹے چھوٹے کاروبار کرتے ہیں۔

دیہات کے لوگ جفاکش، مہمان نواز اور ملنسار ہوتے ہیں۔ پاکستان میں رہنے والے اکثر دیہاتی تعلیم سے محروم ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ دیہاتوں میں اسکولوں کی کمی اور حکومت کی بے توجّہی ہے۔ اس کے علاوہ غریبی بھی دیہاتی لوگوں کی تعلیم کے راستے میں آڑے آتی ہے۔ پاکستان کے دیہات قدرتی خوبصورتی میں اپنی مثال آپ ہیں۔ مُلک کے شمالی علاقوں مثلاً وادی سوات، گلگت اور کشمیر کے دیہاتوں کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے جیسے جنّت زمین پر اتر آئی ہو۔ صاف وشفاف پانی سے لبریز دریا، ندی نالے اور آبشار اس حُسن کو دوبالا کر دیتے ہیں۔ اتنی خوبصورتی کے باوجود ان علاقوں میں ذرائع آمدورفت کی حالت بہت خراب ہے اور یہی وجہ ہے کہ سیّاح ان علاقوں میں جانے سے کتراتے ہیں۔ اگر حکومتِ پاکستان ان علاقوں میں ذرائع آمدورفت کو بہتر بنادے تو اس بات کا پورا امکان ہے کہ پاکستانی سیّاحوں کے علاوہ بیرونی ممالک سے بھی بھاری تعداد میں لوگ یہاں ان علاقوں کے قدرتی حُسن سے لطف اندوز ہونے کے لیے یہاں آئیں گے تو اس سے ملک کو زرِمبادلہ حاصل ہوگا اور ان علاقوں میں غربت دور کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ برطانیہ اور دوسرے یورپی ممالک کے دیہاتوں میں رہنے والے لوگ امیر سمجھے جاتے ہیں لیکن پاکستان کی دیہاتی زندگی اس کے بالکل برعکس ہے۔ پاکستان کے دیہاتی لوگوں کی بڑی تعداد غریب اور مفلس ہوتی ہے اور انہیں اپنی گزربسر کے لیے کڑی محنت کرنی پڑتی ہے جہاں تک پاکستان کی شہری زندگی کا تعلّق ہے تو صرف بیس فیصد لوگ شہروں میں رہتے ہیں لیکن یہ تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے۔ اس کی وجہ شہروں میں تعلیم، علاج اور روزگار کی بہتر سہولتوں کا موجود ہونا ہے۔

LEAVE MARGIN BLANK

(a) What percentage of the Pakistani population lives in the countryside?

..........................................................................................................................................
*(1 mark)*

(b) According to the article, why are the majority of villagers in Pakistan uneducated? Give **two** reasons.

1 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

2 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

(c) According to the article, how would you describe the beauty of villages in Northern Pakistan? Give **two** details.

1 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

2 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

(d) According to the article, why is it important for the government of Pakistan to develop northern areas? Give **two** reasons.

1 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

2 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

(e) Why are so many Pakistani villagers settling in cities? Give **two** reasons.

1 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

2 ......................................................................................................................................
*(1 mark)*

**END OF QUESTIONS**

9

**There are no questions printed on this page**

**There are no questions printed on this page**

**There are no questions printed on this page**

ACKNOWLEDGEMENT OF COPYRIGHT-HOLDERS AND PUBLISHERS

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgments in future papers if notified.

Copyright © 2007 AQA and its licensors. All rights reserved.